موزمبق کے وزیر برائے خارجہ و بین الاقوامی امور کا دورہ ہند

24 نومبر، 2014 (آئی این ایس انڈیا)

ہندوستانی وزیر خارجہ کی دعوت پر موزمبق کے وزیر برائے خارجہ و بین الاقوامی امور ایچ ای مسٹر اولڈیمیرو بالیو 23 سے 29 نومبر 2014 تک ہندوستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وہ یہ دورہ موزمبق میں وزارات خارجہ کے سینئر افسران کے ساتھ کریں گے۔

دورہ کے دوران موزمبق کے وزیر خارجہ ہندوستانی وزیر خارجہ کے ساتھ مذاکرات اور دوسری میٹنگ کا بھی انعقاد کریں گ۔

وہ اس دوران انڈین کونسل برائے عالمی امور میں ''موزمبق کی خارجی پالیسی کے نقطۂ نظر'' پر بھی خطبہ پیش کریں گے۔

ہندوستان اور موزمبق گرم اور دوستانہ تعلقات کو فروغ دیں۔ 13-2014 میں 1.5 ارب امریکی ڈالر کی تجارت کے ساتھ ہندوستان موزمبق کے ٹاپ پانچ تجارتی شراکت داروں میں سے ایک ہے۔ 13-2014 کی مدت میں 639.44 امریکی ڈالر کے ساتھ موزمبق ہندوستان سے لائز آف کریڈٹ (ایل او سی) کی سب سے زیادہ رقم وصول کرنے والا ہے۔ ہندوستان بھی سرمایہ کاری میں موزمبق کا ایک بڑا پارٹنر ہے۔ ہندوستان کی پبلک اور پرائیوٹ سیکٹر جیسی کمپنیاں ایک بڑی تعداد میں موزمبق میں سرمایہ کاری کر چکی ہیں جس میں توانائی کا شعبہ بھی شامل ہے۔

ہندوستانی تکنیکی اور اقتصادی تعاون (آئی ٹی ای سی) کے پروگرام کے تحت موزمبق کے ماہرین کی ایک بڑی تعداد کو ہندوستانی اداروں میں تربیت دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ موزمبق کے طلبہ کی ایک بڑی تعداد اعلی تعلیم کے حصول کے لئے ہندوستانی یونیوسیٹوں میں زیر تعلیم ہے۔

دونوں ملک علاقائی اور عالمی اہمیت کے حامل مسائل پر بھی اپنے مختلف خیالات کا اظہار کریں۔ موزمبق نے اقوام متحدہ کونسل کی رکنیت کے لئے ہندوستان کے حمایت کی توسیع کر دی ہے۔

بالیو کا یہ دورہ ہندوستان اور موزمبق کے درمیان اور دوستی اور تعلقات کو مزید آگے بڑھانے میں ایک نئی تحریک کا کام کرے گا۔

نئی دہلی

24 نومبر 2014